MACMILLAN CANCER SUPPORT

Help with costs when you have cancer: Urdu

# کینسر ہونے کی صورت میں اخراجات میں مدد

اگر آپ کو کینسر ہے تو یہ معلومات آپ کے لئے اخراجات میں مدد کے بارے میں ہے۔ اگر آپ معلومات کے بارے میں کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں تو ہفتے کے 7 دن، صبح 8 بجے سے شام 8 بجے تک **0808 808 00 00** پر میک ملن کینسر سپورٹ (Macmillan Cancer Support) کو بھی کال کر سکتے ہیں۔ ہمارے پاس ترجمان موجود ہیں لہٰذا آپ ہم سے اپنی زبان میں بات کر سکتے ہیں۔ جب آپ ہمیں کال کریں تو براہ کرم ہمیں انگریزی میں بتائیں کہ آپ کو کون سی زبان درکار ہے۔
کینسر کے متعلق **macmillan.org.uk/translations** پر دیگر زبانوں میں مزید معلومات موجود ہیں

## یہ معلومات درج ذیل کے متعلق ہیں:

- ٹرانسپورٹ کے اخراجات میں مدد
- نسخہ جات اور صحت کے دیگر اخراجات میں مدد
- والدین کے لیے سپورٹ
- گرانٹ اور قرضے
- Macmillan آپ کی کیسے مدد کر سکتی ہے
- آپ کی زبان میں مزید معلومات
- حوالہ جات اور تشکرات

## ٹرانسپورٹ کے اخراجات میں مدد

اگر آپ کی آمدنی کم ہے، تو آپ اپنے علاج کے لئے ہسپتال جانے کے اخراجات میں مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ کو بس، ٹرین یا ٹیکسی کے کرایہ کی مد میں ادا کی گئی اپنی رقم واپس مل سکتی ہے۔ یا آپ کو اپنے پیٹرول کے کچھ اخراجات میں مدد کے لیے رقم مل سکتی ہے۔ کینسر کے حامل افراد کو یوکے کے زیادہ تر ہسپتالوں میں مفت یا رعایتی پارکنگ ملتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے ہسپتال کے عملے سے بات کریں۔

کچھ معمر اور معذور افراد کے لئے بس، کوچ اور ٹرین کے ٹکٹ میں خصوصی رعایت موجود ہے۔ مزید معلومات کے لیے **gov.uk** یا **nidirect.gov.uk** ملاحظہ کریں

اگر آپ کو حرکت کرنے میں مسائل کا سامنا ہے تو ہو سکتا ہے آپ کو ایک بلو بیج مل جائے۔ اس سے آپ کو پارکنگ لاٹ میں ایسی جگہ پر پارک کرنے کی اجازت ملتی ہے جو آپ کی منزل کے قریب ترین ہو مثلاً ہسپتال یا سپر مارکیٹ۔ مزید جاننے کے لیے، **gov.uk** یا **nidirect.gov.uk** ملاحظہ کریں

## نسخہ جات اور صحت کے دیگر اخراجات میں مدد

- **نسخہ جات** - اسکاٹ لینڈ، ویلز اور شمالی آئرلینڈ میں ڈاکٹری نسخہ جات ہر شخص کے لیے مفت ہیں۔ انگلینڈ میں کینسر یا اس کے اثرات سے متعلق کسی بھی شے کے لیے نسخہ جات مفت ہیں۔ آپ کو ایک فارم پُر کرنا ہو گا جو آپ اپنی جی پی سرجری، فارمیسی یا کچھ ہسپتالوں سے حاصل کر سکتے ہیں۔
- **وگز اور فیبرک سپورٹ** - سکاٹ لینڈ، ویلز اور شمالی آئر لینڈ میں، وِگ اور کپڑے کی معاونت NHS پر مفت ہے۔ انگلینڈ میں یہ معاونت کچھ لوگوں کے لئے مفت ہے جن میں 16 سال سے کم عمر بچے اور کم آمدنی والے افراد شامل ہیں۔ مزید معلومات کے لیے اپنی کینسر نرس یا ڈاکٹر سے بات کریں۔

**NHS کم آمدنی اسکیم**، کم آمدنی کے حامل لوگوں کی صحت کے اخراجات میں مدد کرتی ہے۔ اس میں دانتوں کا علاج، نظر کے ٹیسٹ اور علاج کے لئے سفر میں مالی امداد شامل ہے۔ یہ NHS یا شمالی آئر لینڈ میں ہیلتھ سروس کی طرف سے چلائی جاتی ہے۔

## والدین کے لیے سپورٹ

بچوں کی نگہداشت کے اخراجات کی مد میں آپ کو حکومت سے کچھ مدد مِل سکتی ہے۔ اس میں بچوں کی کچھ مفت نگہداشت یا نگہداشت کی ادائیگی کے لیے کچھ رقم شامل ہو سکتی ہے۔ آپ
childcarechoices.gov.uk پر دستیاب مختلف قسم کے تعاون کے بارے میں جان سکتے ہیں

شاید آپ کو چیریٹی یا آپ کی مقامی کونسل سے بچے کی دیکھ بھال کے اخراجات میں مدد ملے سکے۔

اگر آپ کا بچہ اسکول جاتا ہے تو ممکن ہے وہ اسکول کا کھانا مفت حاصل کر سکے۔ اگر آپ کی آمدن کم ہے تو آپ اسکول کے کپڑوں کی خریداری اور اسکول تک آنے جانے کے سفری اخراجات میں بھی مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے اپنی مقامی کونسل سے پوچھیں۔

## گرانٹ اور قرضے

**میک ملن (Macmillan) گرانٹس**ایسے لوگوں کے لئے ایک مرتبہ، چھوٹی ادائیگیاں ہیں جنہیں کینسر کی وجہ سے ہونے والے اضافی اخراجات میں مدد کی ضرورت ہو۔ یہ اضافی کپڑے یا ہیٹنگ کے بل ادا کرنے میں مددگار ہو سکتی ہیں۔ میک ملن (Macmillan) کی گرانٹ کم آمدن یا بچت والے لوگوں کے لیے ہے۔ مندرجہ ذیل تمام کا لاگو ہونا لازمی ہے:

- آپ کے پاس اپنے گھرانہ کے لیے £1,000 سے زیادہ کی بچت نہ ہو۔
- 1 فرد کے گھرانے کے لیے آپ کی ہفتہ وار آمدنی £323 فی ہفتہ سے زیادہ نہ ہو یا 2 یا زیادہ لوگوں کے گھرانے کے لیے فی ہفتہ £442 سے زیادہ نہ ہو۔
- آپ کے پاس پچھلے 2 سالوں سے Macmillan گرانٹ نہیں ہے۔

آپ دیگر تنظیموں سے بھی گرانٹ یا قرض حاصل کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، چیریٹیز یا آپ کی مقامی کونسل شاید آپ کی مدد کر سکیں۔

## آپ کے لیے صحیح نگہداشت اور مدد حاصل کرنا

اگر آپ کو کینسر ہے اور آپ انگریزی نہیں بول سکتے تو آپ فکرمند ہو سکتے ہیں کہ اس سے آپ کے کینسر کے علاج اور نگہداشت پر اثر پڑے گا۔ مگر آپ کی نگہداشت صحت کی ٹیم کو آپ کو ایسی نگہداشت، معاونت اور معلومات فراہم کرنی چاہئیں جن سے آپ کی ضروریات پوری ہوتی ہوں۔

ہم جانتے ہیں کہ بعض اوقات لوگوں کو درست معاونت حاصل کرنے میں زیادہ مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ مثلاً، اگر آپ کام کرتے ہیں یا آپ کی فیملی ہے تو ہسپتال کی اپائنٹمنٹس پر جانے کے لیے وقت نکالنا مشکل ہو سکتا ہے۔ آپ کو مالی اخراجات اور نقل و حمل کے خرچے سے متعلق بھی تشویش ہو سکتی ہے۔ یہ تمام چیزیں تناؤ پیدا کر سکتی ہیں اور ان سے نمٹنا مشکل ہو سکتا ہے۔

ہم کینسر میں مبتلا افراد کو میک ملن گرانٹس (Macmillan Grants) بھی فراہم کرتے ہیں۔ یہ یک وقتی ادائیگیاں ہوتی ہیں جنہیں ہسپتال میں پارکنگ، سفر کی لاگت، بچوں کی نگہداشت یا حرارت کے بلوں کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

ہماری مفت سپورٹ لائن **0808 808 00 00** آپ کی زبان میں آپ کی صورتحال کے متعلق مشورہ فراہم کر سکتی ہے۔ آپ نرسوں، مالیاتی رہنماؤں، بہبود کے حقوق کے مشیران اور کام میں معاونت کے مشیران سے بات کر سکتے ہیں۔

## Macmillan آپ کی کیسے مدد کر سکتی ہے

Macmillan میں، ہم جانتے ہیں کہ کینسر کی تشخیص کیسے ہر چیز کو متاثر کر سکتی ہے اور ہم آپ کی معاونت کے لیے موجود ہیں۔

**میک ملن سپورٹ لائن**

ہمارے پاس مترجم موجود ہیں، اس لیے آپ ہم سے اپنی زبان میں بات کر سکتے ہیں۔ آپ جو زبان استعمال کرنا چاہتے ہیں، ہمیں بس اس کا نام انگریزی میں بتائیں۔ ہم طبی سوالات میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں، مالیاتی معاونت کے متعلق معلومات دے سکتے ہیں یا اگر آپ کو بات کرنے کے لیے کسی کی ضرورت ہے تو ہم سننے کے لیے موجود ہیں۔ مفت، رازدارانہ فون لائن ہفتہ کے 7 دن، صبح 8 بجے سے شام 8 بجے تک کھلی ہوتی ہے۔
ہمیں **0808 808 00 00** پر کال کریں۔

**Macmillan ویب سائٹ**

ہماری ویب سائٹ پر کینسر کے بارے میں انگریزی میں بہت سی معلومات موجود ہیں۔ دیگر زبانوں میں بھی مزید معلومات **macmillan.org.uk/translations** **پر موجود ہیں**

ہم آپ کے لیے ترجمے کا انتظام بھی کر سکتے ہیں۔ ہمیں **cancerinformationteam@macmillan.org.uk** پر ای میل کر کے اپنی ضرورت بتائیں ۔

**معلوماتی مراکز**

ہماری معلومات اور معاونت کے مراکز ہسپتالوں، لائبریریوں اور کمیونٹی سینٹرز پر مبنی ہیں۔ آپ کو درکار معلومات حاصل کرنے اور کسی سے رو بہ رو بات کرنے کے لیے ان میں سے کہیں بھی تشریف لے آئیں۔ اپنا قریب ترین مرکز **macmillan.org.uk/informationcentres** پر تلاش کریں یا
ہمیں **0808 808 00 00** پر کال کریں۔

**مقامی معاونت گروپ**

آپ معاونتی گروپ میں کینسر سے متاثر دیگر افراد سے بات چیت کر سکتے ہیں۔ اپنے علاقے میں معاونت گروپس کے متعلق مزید جاننے کے لیے **macmillan.org.uk/supportgroups** ملاحظہ کریں یا
ہمیں **0808 808 00 00** پر کال کریں۔

**Macmillan Online Community**

آپ کینسر سے متاثرہ دوسرے لوگوں سے بھی آن لائن **macmillan.org.uk/community**
macmillan.org.uk/community پر بات کر سکتے ہیں، آپ دن یا رات میں کسی بھی وقت اس تک رسائی

حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ اپنے تجربات شیئر کر سکتے ہیں، سوالات پوچھ سکتے ہیں یا صرف لوگوں کی پوسٹس بھی پڑھ سکتے ہیں۔

## آپ کی زبان میں مزید معلومات

ہمارے پاس ان موضوعات کے متعلق آپ کی زبان میں معلومات موجود ہیں:

- کینسر کا مقابلہ کرنا
- کینسر اور کورونا وائرس
- یوکے میں کینسر کیئر
- آپ کو کینسر ہونے پر بینیفٹس کے لیے دعویٰ کرنا
- کھانے پینے کے مسائل اور کینسر
- زندگی کا اختتام
- پناہ گزینوں اور پناہ کے متلاشی افراد کے لیے نگہداشت صحت
- صحت بخش غذا
- کینسر ہونے کی صورت میں اخراجات میں مدد
- اگر آپ کو کینسر کی تشخیص ہوئی ہے
- LGBTQ+ لوگ اور کینسر
- عفونت اور کینسر

- کینسر کے علاج کے ضمنی اثرات
- تھکاوٹ (تھکن) اور کینسر

- **کینسر کی اقسام**
- چھاتی کا کینسر
- رحم کے منہ کا کینسر
- بڑی آنت کا کینسر
- پھیپھڑے کا کینسر
- غدہ قدامیہ کا کینسر

- **علاج**
- کیموتھراپی
- ریڈیوتھراپی
- سرجری

ان معلومات کو دیکھنے کے لیے **macmillan.org.uk/translations** پر جائیں

## حوالہ جات اور تشکرات

یہ معلومات میک ملن (Macmillan) کینسر سپورٹ کی کینسر انفارمیشن ڈویلپمنٹ ٹیم کی جانب سے تحریر اور مرتب کی گئی ہیں۔ Macmillan کینسر سپورٹ نے ان معلومات کے لیے، ایک ترجمہ کرنے والی کمپنی کو آپ کی زبان میں ترجمہ کرنے کے لیے ادائیگی کی ہے۔

یہ شامل کردہ معلومات میک ملن (Macmillan) کتابچہ ہیلپ ود دی کاسٹ آف کینسر کی بنیاد پر ہیں۔

ان معلومات کا متعلقہ ماہرین نے جائزہ لیا ہے اور میک ملن (Macmillan) کی ویلفیئر رائٹس اینڈ انرجی ایڈوائس ٹیم نے ان کی منظوری دی ہے۔

کینسر سے متاثرہ ان لوگوں کا بھی شکریہ جنہوں نے ان معلومات کا جائزہ لیا ہے۔

ہماری تمام معلومات دستیاب شدہ بہترین شواہد کی بنیاد پر ہیں۔ ہمارے استعمال کردہ ذرائع کے بارے میں مزید جاننے کے لیے ہم سے **cancerinformationteam@macmillan.org.uk** پر رابطہ کریں

**مواد کی نظرثانی: 2022 اگلی منصوبہ بند نظرثانی: 2025**

MAC17423_Urdu

ہم یہ یقینی بنانے کی ہر ممکن کوشش کرتے ہیں کہ ہم جو معلومات فراہم کریں وہ درست اور تازہ ترین ہوں، لیکن اس پر ماہرانہ پیشہ ورانہ مشورے، جو آپ کی صورتحال کے مطابق دیے جاتے ہیں، کے متبادل کے طور پر انحصار نہیں کرنا چاہیے۔ جہاں تک قانون اجازت دیتا ہے، میک ملن (Macmillan) اس اشاعت یا اس میں شامل کی گئی یا حوالہ دی گئی تیسرے فریق کی ویب سائٹس پر موجود کسی بھی معلومات کے استعمال کے حوالے سے کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتی۔

© میک ملن کینسر سپورٹ 2022، انگلینڈ اینڈ ویلز (261017)، اسکاٹ لینڈ (SC039907) اور دی آئل آف مین (604) میں رجسٹرڈ چیریٹی۔ شمالی آئرلینڈ میں بھی کام کر رہی ہے۔ ضمانت کے تحت ایک لمیٹڈ کمپنی، برطانیہ اور ویلز میں رجسٹر شدہ کمپنی نمبر 2400969۔ آئل آف مین کمپنی نمبر 4694F۔ رجسٹرڈ دفتر: 89 Albert Embankment, London SE1 7UQ۔ VAT نمبر: 668265007

Trusted Information Creator

Patient Information Forum

Help with costs when you have cancer: English

# Help with costs when you have cancer

This information is about help with costs if you have cancer. If you have any questions about this information, you can call Macmillan Cancer Support on **0808 808 00 00**, 7 days a week, 8am to 8pm. We have interpreters, so you can speak to us in your own language. When you call us, please tell us in English which language you need.
There is more cancer information in other languages at **macmillan.org.uk/translations**

## This information is about:

- Help with transport costs
- Help with prescriptions and other health costs
- Support for parents
- Grants and loans
- How Macmillan can help you
- More information in your language
- References and thanks

## Help with transport costs

If you are on a low income, you may be able to get help with the cost of travelling to hospital for your treatment. You could get a refund on your bus, train or taxi fares. Or you could get money to help with some of your petrol costs. People with cancer get free or discounted parking at many UK hospitals. Speak to the staff at the hospital for more information.

There are special rates for bus, coach and train tickets for some older people and people with disabilities. For more information visit **gov.uk** or **nidirect.gov.uk**

If you have problems moving around, you may be able to get a Blue Badge. This allows you to park in parking spaces that are closer to where you need to go, such as hospitals or supermarkets. To find out more, visit **gov.uk** or **nidirect.gov.uk**

## Help with prescriptions and other health costs

- **Prescriptions -** In Scotland, Wales and Northern Ireland, prescriptions are free for everyone. In England, prescriptions are free for anything related to cancer or its effects. You will need to fill in a form, which you can get from your GP surgery, pharmacy or some hospitals.
- **Wigs and fabric supports -** In Scotland, Wales and Northern Ireland, wigs and fabric supports are free on the NHS. In England, they are free for some people, including children under the age of 16 and people on a low income. Speak to your cancer nurse or doctor for more information.

The **NHS Low Income Scheme** helps people on a low income to pay for health costs. This includes help with dental treatment, sight tests and travel to receive treatment. It is run by the NHS, or the Health Service in Northern Ireland.

## Support for parents

You might be able to get some help from the government towards childcare costs. This might include some free childcare, or some money to help pay for childcare. You can find out about the different types of support available at **childcarechoices.gov.uk**

You might also be able to get help with childcare costs from a charity or your local council.

If you have a child at school, they might be able to get free school meals. If you have a low income, you might also be able to get help with paying for school clothing, and travel to and from school. Ask your local council for more information.

## Grants and loans

**Macmillan Grants** are small, one-off payments for people who need help with the extra costs that cancer can cause. This might be extra clothing or help to pay heating bills. Macmillan Grants are for people who have a low level of income and savings. All of the following must apply:

- You have no more than £1,000 in savings for your household.
- You have a weekly income of no more than £323 per week for a household of 1 person or no more than £442 per week for a household of 2 or more people.
- You have not already had a Macmillan Grant in the last 2 years.

You may also be able to get grants or loans from other organisations. For example, charities or your local council might be able to help.

## Getting the right care and support for you

If you have cancer and do not speak English, you may be worried that this will affect your cancer treatment and care. But your healthcare team should offer you care, support and information that meets your needs.

We know that sometimes people may face extra challenges in getting the right support. For example, if you work or have a family it can be hard to find time to go to hospital appointments. You might also have worries about money and transport costs. All of this can be stressful and hard to cope with.

We also offer Macmillan Grants to people with cancer. These are one-off payments that can be used for things like hospital parking, travel costs, childcare or heating bills.

Our free support line **0808 808 00 00** can offer advice, in your language, about your situation. You can speak to nurses, financial guides, welfare rights advisers and work support advisers.

## How Macmillan can help you

At Macmillan, we know how a cancer diagnosis can affect everything, and we are here to support you.

**Macmillan Support Line**
We have interpreters, so you can speak to us in your language. Just tell us, in English, the language you want to use. We can help with medical questions, give you information about financial support, or be there to listen if you need someone to talk to. The free, confidential phone line is open 7 days a week, 8am to 8pm.
Call us on **0808 808 00 00**.

**Macmillan website**
Our website has lots of information in English about cancer. There is also more information in other languages at **macmillan.org.uk/translations**

We can also arrange translations just for you. Email us at **cancerinformationteam@macmillan.org.uk** to tell us what you need.

**Information centres**
Our information and support centres are based in hospitals, libraries and community centres. Visit one to get the information you need and speak with someone face to face. Find your nearest centre at **macmillan.org.uk/informationcentres** or call us on **0808 808 00 00**.

**Local support groups**
At a support group, you can talk to other people affected by cancer. Find out about support groups in your area at **macmillan.org.uk/supportgroups** or call us on **0808 808 00 00**.

**Macmillan Online Community**
You can also talk to other people affected by cancer online at **macmillan.org.uk/community** You can access it at any time of day or night. You can share your experiences, ask questions, or just read through people's posts.

## More information in your language

We have information in your language about these topics:

- Coping with cancer
- Cancer and coronavirus
- Cancer care in the UK
- Claiming benefits when you have cancer
- Eating problems and cancer
- End of life
- Healthcare for refugees and people seeking asylum
- Healthy eating
- Help with costs when you have cancer
- If you are diagnosed with cancer
- LGBTQ+ people and cancer
- Sepsis and cancer
- Side effects of cancer treatment
- Tiredness (fatigue) and cancer

- **Types of cancer**
- Breast cancer
- Cervical cancer
- Large bowel cancer
- Lung cancer
- Prostate cancer

- **Treatments**
- Chemotherapy
- Radiotherapy
- Surgery

To see this information, go to **macmillan.org.uk/translations**

## References and thanks

This information has been written and edited by Macmillan Cancer Support's Cancer Information Development team. Macmillan Cancer Support has paid for this information to be translated into your language by a translation company.

The information included is based on the Macmillan booklet Help with the cost of cancer.

This information has been reviewed by relevant experts and approved by Macmillan's Welfare Rights team.

Thanks also to the people affected by cancer who reviewed this information.

All our information is based on the best evidence available. For more information about the sources we use, please contact us at **cancerinformationteam@macmillan.org.uk**

**Content reviewed: 2022 Next planned review: 2025**

MAC17423_English

We make every effort to ensure that the information we provide is accurate and up-to-date but it should not be relied upon as a substitute for specialist professional advice tailored to your situation. So far as is permitted by law, Macmillan does not accept liability in relation to the use of any information contained in this publication or third party information or websites included or referred to in it.

© Macmillan Cancer Support 2022, registered charity in England and Wales (261017), Scotland (SC039907) and the Isle of Man (604). Also operating in Northern Ireland. A company limited by guarantee, registered in England and Wales company number 2400969. Isle of Man company number 4694F. Registered office: 89 Albert Embankment, London SE1 7UQ. VAT no: 668265007

Trusted Information Creator

Patient Information Forum